# حضرت عیسی علیہ الصلوۃ والسلام کو کس پہاڑی سے اٹھایا گیا تھا؟

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

حضرت عیسی علیہ الصلوۃ والسلام کو کس پہاڑی سے اٹھایا گیا تھا؟ اس کا نام کیا ہے؟ اس حوالے سے رہنمائی فرما دیں۔

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

حضرت عیسی علیہ الصلوۃ والسلام کو طورزیتا سے اٹھایا گیا تھا۔ چنانچہ فضائل بیت المقدس میں ہے "قال أبو هريرة الزيتون طورزيتا. قال قتادة والزيتون جبل عليه بيت المقدس. وقال ابوزرعة السيباني رفع عيسى من طورزيتا" **ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ زیتون طورزیتا ہے۔ قتادہ نے کہا زیتون اس پہاڑ کا نام ہے جس پر بیت المقدس ہے۔ ابوزرعہ سیبانی نے کہا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو طورزیتا سے اٹھایا گیا۔** (فضائل بيت المقدس-ابن الجوزي، صفحہ 70، دار الآفاق الجديدة، بيروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا اعظم عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4141

**تاریخ اجراء:** 23 صفر المظفر 1447ھ/18 اگست 2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net